


# TAMEER-E-MILLAT NEWSLETTER

Volume # 15 Issue # 1 Summer 2017

## وائس چیئرپرسن تعمیر ملت فاؤنڈیشن کا پیغام

مجھے میٹرک کے امتحانات میں تعمیر ملت سکول سسٹم کے طلبہ و طالبات کی بہترین کارکردگی جان کر نہایت مسرت ہوئی۔ میں نہ صرف ان کامیاب طلبہ و طالبات بلکہ ان کے والدین کو بھی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ پاکستان بھر کے دوردراز اور کم وسائل والے علاقوں سے تعلق رکھنے والے آپ طلبہ و طالبات کی صلاحیتوں پر ہمیشہ ہم نے اعتماد کیا ہے اور الحمدللہ آپ نے بھی ہمارے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائی۔

میں آپ سب طلبہ و طالبات کے بہتر سے بہتر مستقبل کی خواہاں ہوں۔ میری دعا ہے کہ آپ سب اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور اس ملک کے معزز' پر اعتماد اور مفید شہری بنیں۔ اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر مرحلے پر آپ کا حامی و ناصر ہو آمین!

ڈاکٹر سمیعہ کوثر احمد

## ڈائریکٹر جنرل تعمیر ملت فاؤنڈیشن کا پیغام

اس سال تعمیر ملت فاؤنڈیشن کے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے نتائج نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیے۔ ایک طرف آئی کام اور آئی سی ایس میں تعمیرین طلبہ ملتان' ایبٹ آباد اور راولپنڈی بورڈ میں وکٹری سٹینڈ پر پہنچے تو دوسری طرف میٹرک میں 4 سکولوں کے 10 سے زائد طلباء و طالبات نے 1000 یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے۔ بحیثیت مجموعی بھی تعمیر ملت سکولوں کے نتائج 90 فیصد رہے۔ امام دین تعمیر ملت سکول میاں چنوں کی بچی نے 1042 نمبر لے کر تعمیر ملت سکول سسٹم میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

میں خاص طور پر منیر ارشد تعمیر ملت سکول ملتان کی پرنسپل شمیم سعید بھٹہ' اور چیئرمین جنرل (ریٹائرڈ) وحیدالدین ارشد' تعمیر ملت ہزارہ پبلک سکول شنکیاری کی پرنسپل لبنیٰ رحمٰن اور ایم ڈی عبدالرحمان سلہریا اور تعمیر ملت سکول للہ' پنڈ دادن خان کی پرنسپل عنبرین بشیر اور تمام سٹاف کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کے طلباء اور طالبات نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ دونوں امتحانات میں اعلیٰ ترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

جستجو، محنت، علم اور تحقیق سے نئی سے نئی رفعتیں حاصل کی جاتی ہیں۔ ہمارے پاس بھی پرواز کا ایک بڑا اور بلند تر جہاں اب بھی موجود ہے۔ بہت سے گوشوں میں کامیابیوں کے ساتھ ساتھ' ہمیں ان کمیوں اور کوتاہیوں پر بھی نظر کرنا ہے جو اگر نہ ہوتیں تو ہمارے نتائج اپنے اپنے اضلاع اور بورڈ کے اندر بہترین ہوتے۔ جہاں ہمارے طلبہ و اساتذہ کی غالب اکثریت نے اردو' اسلامیات اور مطالعہ پاکستان میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا وہاں فزکس اور کیمسٹری میں اس درجے کی کارکردگی نہ دکھائی جا سکی۔ جبکہ انگریزی' ریاضی اور بیالوجی میں کارکردگی اور بھی متاثر رہی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام مضامین میں پوری توجہ اور محنت کے ساتھ کام کیا جائے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ سال ہمارے لیے اور بھی کامیابیاں لے کر آئے گا۔ کامیاب طلبہ و طالبات کے لیے تعلیم اور زندگی کے اگلے مرحلوں میں میری بہترین دعائیں اور تمنائیں ساتھ رہیں گی۔ انشاءاللہ!

بریگیڈیئر (ر) رانا ذوالفقار احمد

## کامیاب طلبہ واساتذہ میں شیلڈز' تعریفی اسناد اور نقد رقومات کی تقسیم

تعمیر ملت فاؤنڈیشن کی طرف سے سکولوں کے طلباء و طالبات اور اساتذہ کو بہترین تعلیمی و تدریسی کارکردگی دکھانے پر شیلڈز' تعریفی اسناد اور نقد رقومات سے نوازا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل تعمیر ملت فاؤنڈیشن نے یہ شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں۔









## A comparison of SSC Results of Tameer-e-Millat Foundation School System

| | Students Appeared | Passed | Passing Percentage | Schools with more than 50% Top Graders (70% and above) | 1000+ Scorer | A++ (90%) | A+ (80-89) | A (70-79) | B (60-69) | C (50-59) | D (40-49) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | 321 | 291 | 90.65% | 10 | 10 | 11 | 43 | 64 | 91 | 68 | 14 |
| 2016 | 276 | 233 | 84.42% | 6 | 4 | 5 | 26 | 56 | 70 | 59 | 17 |

## TAMEERIAN STARS 2017

Imam Din TM School, Mian Channu










Munir Arshad Memorial TM School, Multan










Hafiz Maqbool Elahi TM School, P D Khan







TM School of Excellence, Fateh Jang




# قابلِ فخر لمحات

### منیر احمد میموریل تعمیر ملت سکول، ملتان

**کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ جیسا ٹیچر کہیں ویسا ہی کریں...... ملتان بورڈ میں پوزیشن لینے والے عبداللہ خان**



ملتان بورڈ میں کامرس گروپ میں تیسری پوزیشن لینے والے عبداللہ خان ایک غریب باپ کے بیٹے ہیں۔ وہ تعمیر ملت سکول ملتان میں فل سکالرشپ پر پانچویں جماعت سے زیر تعلیم ہیں۔ انہوں نے دسویں جماعت میں بھی 957 نمبر حاصل کیے تھے۔ وہ پانچ بہن بھائی ہیں۔ ان کے والد اور والدہ ان پڑھ ہیں لیکن اپنے محنتی اور باصلاحیت بچے کی نامناسب حالات کے باوجود ہمیشہ پڑھائی کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ عبداللہ والد کے ساتھ کام میں بھی ہاتھ بٹاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میری یہ کامیابی ٹیچر کی ہدایت کے مطابق کام کرنے سے ممکن ہوئی۔ ان کے پسندیدہ ٹیچر اکاؤنٹس پڑھانے والے مبین صاحب ہیں۔ ان کے اکاؤنٹس کے مضمون میں 97/100 نمبر ہیں۔

### تعمیر ملت ہزارہ پبلک سکول شنکیاری

**نماز اور اساتذہ کا ادب کامیابی کی وجہ بنا ...... ایبٹ آباد بورڈ میں پوزیشن لینے والے حسن ستار**



تعمیر ملت ہزارہ پبلک سکول شنکیاری کے طالب حسن ستار نے ایبٹ آباد بورڈ میں 882 نمبر لے کر آئی سی ایس میں تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ غوری خاندان سے تعلق رکھنے والے حسن ستار کے والد متحدہ عرب امارات میں برسر روزگار ہیں۔ حسن چھٹی جماعت سے تعمیر ملت سکول کے طالب علم تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ باقاعدگی سے نماز اور اساتذہ کا ادب وہ چیزیں ہیں جن کی وجہ سے مجھے یہ کامیابی ملی۔ ان کے پسندیدہ ترین اساتذہ میں کیمسٹری کے جمیل صاحب، ریاضی کے راجہ الیاس اور کمپیوٹر کے انصاف اللہ شامل ہیں۔ وہ اب پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز میں بی ایس سی ایس کے طالب علم ہیں۔

### بیگم صفیہ نواز تعمیر ملت سکول للہ

**سابق تعمیرین طالب علم کی جنرل سائنس انٹرمیڈیٹ گروپ میں پہلی پوزیشن**



بیگم صفیہ نواز تعمیر ملت سکول للہ، تحصیل پنڈ دادن خان سے میٹرک کرنے والے طالب علم محمد فیروز نے ایک پرائیویٹ کالج سے پڑھتے ہوئے آئی سی ایس میں 968 نمبر لے کر راولپنڈی بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ محمد فیروز ایک اوسط آمدنی والے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ اپنے سکول کو یاد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سکول کی پرنسپل اور سٹاف بہت محنتی اور اچھا تھا۔ وہ اب نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) میں بی ایس سی ایس کے طالب علم ہیں۔

# Top Teachers holding 1st position in their subjects

**With Overall position in Tameer-e-Millat Foundation School System**

| Subject | Teacher | Score | School |
|---|---|---|---|
| Islamiat | Ambreen Iftikhar | 94% | Lilla |
| Mathematics | Madiha | 90.2% | Lilla |
| Pak Studies | Ambreen Bashir | 88.17% | Lilla |
| Physics | Asifa Sultana | 86.93% | PD Khan |
| Chemistry | Rukhsar Farooq | 86.6% | PD Khan |
| Biology | Asifa Sultana | 85.2% | PD Khan |
| Islamiat Elective | Sana | 83.33% | Multan |
| English | Raheela Naseer | 82.6% | Dharyala |
| Urdu | Sakina | 82.5% | Shinkiari |
| Education | Sana | 82.0% | Multan |
| General Science | Faheem Raza | 79.55% | Multan |

## تعمیر ملت سکول للہ کے اعزازات

طالبات: میٹرک 2017ء میں تعمیر ملت سکول سسٹم میں اولین پوزیشن

معلمات: تعمیر ملت سکول سسٹم میں بہترین تدریسی کارکردگی کے لحاظ سے معلمات کی پہلی تین پوزیشن۔

سربراہ ادارہ: پرنسپل کی بحیثیت معلّمہ تعمیر ملت سکول سسٹم میں اپنے مضمون میں کارکردگی کے لحاظ سے تیسری پوزیشن۔

## سب سے آگے کون؟

**MATRIC RESULT 2017**

اس مرتبہ میٹرک کے امتحانات میں تعمیر ملت سکولوں کے درمیان مقابلہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ ہمیشہ اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ملتان اور میاں چنوں سکولوں نے اپنی روایات کو مزید آگے بڑھایا لیکن پنڈ دادن خان سے تعلق رکھنے والے دو سکول ان سے پھر بھی آگے نکل گئے۔



مجموعی کارکردگی کے لحاظ سے بیگم صفیہ نواز تعمیر ملت سکول للہ، پہلا نمبر حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔
سکول کی کل چھ بچیوں میں سے پانچ A+ جبکہ ایک A گریڈ میں کامیاب ہوئی۔
سب سے زیادہ نمبر 968/1100 جبکہ سب سے کم نمبر 872/1100 رہے۔
سکول کا اوسط سکور 925/1100 رہا جو 84 فیصد بنتا ہے۔



دوسرے نمبر پر حافظ مقبول الٰہی تعمیر ملت سکول پنڈ دادن خان رہا جس کی 9 بچیوں نے امتحان دیا۔
دو بچیاں A++، چھ A+ جبکہ چار A میں کامیاب ہوئیں۔ طالبہ نگم حسیب نے 1019 نمبر لے کر ٹاپ کیا۔
سکول کا اوسط سکور 920 رہا جو 83.66 فیصد بنتا ہے۔



تیسرے نمبر پر منیر ارشد تعمیر ملت سکول ملتان رہا جس کے 23 طلبہ و طالبات نے بائیولوجی کے ساتھ سائنس گروپ سے امتحان دیا۔ سب کامیاب رہے۔
تین بچوں نے 1000 سے زیادہ نمبر حاصل کیے۔ چار طلبہ A++، چھ A+، آٹھ A اور دو C گریڈ میں کامیاب ہوئے۔
سکول کا اوسط سکور 848 رہا جو 77.13 فیصد بنتا ہے۔


# Co-Curricular Activities in Tameer-e-Millat Foundation School System


Inauguration of Tameer-e-Millat Foundation School, Kala Gujran, Jhelum



Inauguration of Tameer-e-Millat Foundation School, Kala Gujran, Jhelum


Independance day rally in Munir Arshad Memorial TM Multan School, Multan


Independance Day celebrated at Imam Din Tameer-e-Millat School, Mian Channu


Independance Day celebrated at Imam Din Tameer-e-Millat School, Mian Channu


A view of Maria Helena TM School, Pind Dadan Khan after restructuring


A view of Maria Helena TM School, Pind Dadan Khan after restructuring


Earth Day cerebrated at TM Hazara School, Shinkiari


Teachers Training Course - 2 Held at Tameer-e-Millat City of Education, Fateh Jang

## SEND YOUR DONATIONS TO

**For more information, please visit www.educatepakistan.com**

### IN USA

**The i-Care Fund America Inc.**
139 Charles Street, Suite # 348,
Boston, MA 02114, USA
Tel: 678-248-9999
Website: www.i-care-america.org
Our Federal Tax Identification Number (EIN Number) is 262437362

### IN CANADA

**The Maria Helena Foundation**
**Attn: Dr. Muhammad Iqbal**
4616 West 13th Avenue, Vancouver, BC, V6R 2V7
Tel: 604-228-9885, Email: iqbal@interchange.ubc.ca
Website: www.mariahelenafoundation.org
(Registered Charity# 89250 2725 Rr0001)

### IN PAKISTAN

**Tameer-e-Millat Foundation**
Sector H-8/4, Islamabad.
Tel: +92-51-4863198, Fax: 4863129
Email: info@educatepakistan.com
Your donations are tax exempt vide Tax # CIT (C) / J-Br./App-58/538 dated: 26/07/07

## BANK ACCOUNTS

### FOR US DOLLAR

**TAMEER-E-MILLAT FOUNDATION**
Account No.: 061312020002064
MCB Bank Limited (0613)
Main Civic Center, Islamabad, Pakistan
SWIFT CODE: MUCBPKKAMCC

### FOR PAK RUPEES

**TAMEER-E-MILLAT FOUNDATION**
Account No: PK47AIIN0000109103644018
Al-Baraka Bank
Shifa International Hospital Branch, Islamabad
SWIFT CODE: AIINPKKA

@ Tameer-e-Millat-Foundation
@ tameeremillat
**www.educatepakistan.com**